AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 03-10-2026

Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انوارالحق

اقوام متحدہ

اقوام متحدہ نے بھارت کی جانب سے 1 عشاریہ 86 لاکھ کروڑ روپے کے گرین انرجی کاریڈور کے تیسرے مرحلے کی منظوری کا خیر مقدکیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کے سریکریٹری سائمن اسٹیل نے کہا کہ یہ منصوبہ بھارت کو اپنی بڑھتی ہوئی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے، بجلی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے اور شمسی توانائی کے عالمی رہنمائی کے طور پر اپنی جگہ مزید مضبوط کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

وضح رہے مرکزی کابینہ نے GEC مرحلہ تین کیلئے ایک لاکھ 86 ہزار 405 کروڑ روپے کے منصوبے کو منظوری دی ہے جس مقصد بین ریاستی ترسیلی نظام کو مستحکم بنا اور بیٹری توانائی سٹوریج نظام کی تیاری میں مدد فراہم کرنا ہے۔

ایل جی حادثہ

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے رم بن میں پیش آئے آج صبح پیش آئے سڑک حادثے میں ایک مسافر کی موت اور دیگر کئی افراد کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی فوری صحت یابی کی دعا کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ حادثے میں شدید زخمی افراد کو GMC جموں منتقل کیا گیا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ انہوں نے ڈپٹی کمشنر رام بن سے بات کرکے زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ٹیکنالوجی کو انسانیت کی خدمت کے لئے استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے نوجوان نسل سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹیکنالوجی کو سیکھنے، جدت طرازی، روزگار اور سماجی بھلائی کے لئے اسے ایک آلے کے طور پر استعمال کریں۔ SKICC سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ

مصنوعی ذہانت انسانی ضمیر کا متبادل نہیں ہوسکتا، تاہم وکست بھارت کی تعمیر میں اس کا اہم کردار رہے گا اور اس کا اِستعمال، اِنسانی اَقدار سے جُڑے رہنا چاہئے۔ انہوں نے کہا ٹیکنالوجی صرف ایک آلہ ہے اور اس کے استعمال کا فیصلہ ہمارا ہی ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ ایسا بھارت تعمیر کریں جو جدید ہو مگر ہمدرد، خوشحال اور سب سے بڑھ کر متحد ہو۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کمپرسڈ بائیو گیس پالیسی 2026 کو یوٹی میں توانائی کے فروغ اور آرگینک ویسٹ کو صاف ستھرے ایندھن اور قدرتی کھاد میں تبدیل کرنے کے سمت میں ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ وزارتی کونسل کی میٹنگ میں منظوری کے بعد حکومت جموں کشمیر نے اس پالیسی کو کل باضابطہ طور پر نوٹیفائی کیا ہے، جو آرگینک ویسٹ کو صاف ستھرے ایندھن اور اعلیٰ معیار کی قدرتی کھاد میں تبدیل کرنے کیلئے جامع لائحہ عمل فراہم کرتی ہے۔

جاوید ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ وزیر اعلی عمر عبداللہ کی سربراہی میں حکومت جموں کشمیر کے عوام کیلئے ایک صاف ستھرا اور پائیدار ماحول قائم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں ترقیاتی اور صفائی ستھرائی کے اہداف صرف سرکاری اقدامات سے نہیں بلکہ عوام کی بھرپور شمولیت سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ وہ گورنمنٹ ڈگری کالج ٹنگمرگ میں سُوچھتا ہی سیوا کی اختتامی اور رُیفارمز اتسوَ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔

ستیش شرما

خوراک کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کا بنیادی ڈھانچہ سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے انتہائی اہم ہے اور یہ ضروری خدمات تک لوگوں کی رسائی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیر موصوف نے جموں صوبے کے چھمب اسمبلی حلقے میں 13 کروڑ روپے لاگت والے مختلف پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی سہولیات کے منصوبوں کی تکمیل کے دوران معیار اور پائیداری کو یقینی بنایا جانا چاہئے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں ایگری سٹیک کی عمل آوری میں شفافیت کو برقرار رکھنے پر زور دیتے

ہوئے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی اہل کسانوں کو اس کے دائرے میں لانے اور انہیں فارمر آئی ڈی رجسٹریشن اسناد جاری کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کریں۔

وہ سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں ایگری سٹیک کی عمل آوری کا جائزہ لے رہے تھے۔میٹنگ کے دوران نہوں نے لینڈ ریکارڈس کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔

وائلڈ لاف

محکمہ وائلڈ لائف کی جانب سے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر میں جنگلی حیات کے تحفظ، تنوع کے بچاؤ اور قدرتی ورثے کے حفاظت کے سلسلے میں ایک ہفتے کا پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

افتتاح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف وائلڈ لائف وارڈن جموں کشمیر ڈاکٹر سنیش بکسی نے بہتر ماحولیاتی نظام کو برقرار رکھنے اور جنگلی حیاتیات کی طویل المدتی بقا کو یقینی بنانے کیلئے جنگلی حیاتیات کے تحفظ کی اہمیت اجاگر کی۔تقریب میں سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

ہاکی تمغہ

ایشائی کھیلوں میں بھارت کی خواتین ہاکی ٹیم نے **44** سال کے طویل انتظار کے بعد پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔اس کے ساتھ ہی بھارتی خواتین ہاکی ٹیم نے **2028** کے لاس انجیلس میں منعقد ہونے والے اولمپکس کھیلوں کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خواتین کی قومی ہاکی ٹیم کو سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

قابل ذکر ایشائی کھیلوں میں شاندار کارکردگی کے نتیجے میں بھارت کے تمغوں کی تعداد **77** ہوگئی ہے جن میں سونے کے **17**، چاندی کے **25** اور کانسے کے **35** تمغے شامل ہیں۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ